# 12624 ـ قبرستان كے شروع ميں ہی ايك بار مردوں كو سلام كرنا كافی ہے

**سوال**

كيا قبرستان كے شروع ميں ايك بار ہی مردوں كو سلام كرنا ( يعنی قبرستان والی دعا پڑھنا ) كافی ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد للہ.

الحمدللہ:

یہی كافی ہے اور اس طرح زيارت ہو جاتی ہے، اور اگر قبريں دور دور ہوں تو پھر سب طرف سے قبروں كی زيارت كرنے ميں كوئی حرج نہيں.

ديكھيں: كتاب

مجموع فتاوى و مقالات متنوعۃ فضيلۃ الشيخ عبد العزيز بن عبد اللہ بن باز رحمہ اللہ تعالى ( 13 / 335 ).

اور شيخ رحمہ اللہ تعالى سے يہ بھی سوال كيا گيا كہ:

كيا قبروں كی زيارت كرتے وقت زائر كے ليے اس قبر تك پہنچنا مشروع ہے جس كی زيارت كرنا مقصود تھی؟

تو شيخ رحمہ اللہ تعالى كا جواب تھا:

پہلی قبر كے پاس ہی كافی ہے، اور اگر وہ اس قبر تك جانا چاہے جس كی زيارت كرنا مقصود ہو تو اس ميں كوئی حرج نہيں ہے.